مورخہ 21-07-2023

| نمبر شمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | صدر کا ژوب میں شہید اہلکاروں کے اہلخانہ کو فون شہدا کو خراج عقیدت۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 02 | وزیراعظم شہباز شریف سے اختر مینگل کی ملاقات سیاسی صورتحال پر مشاورت۔ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 03 | جمہوریت میں کوئی شخص آئین وقانون سے بالاتر نہیں ہوتا، گورنر۔ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 04 | وزیراعلیٰ کی زیر صدارت بی اے پی کی قیادت کا اجلاس الیکشن میں بھرپور حصہ لینے کا فیصلہ۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 05 | وڈھ کا مسئلہ انتہائی حساس سنجیدگی سے لیا جائے ارکان اسمبلی، پشتون اضلاع میں دہشتگردی کے واقعات پر اظہار افسوس۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 06 | عوام کی طاقت سے کامیاب ہوکر ترقی کے سفر جاری رکھیں گے میر سکندر عمرانی۔ | آزادی ودیگر اخبارات |
| 07 | وفاقی حکومت پر بلوچستان کی 100 ارب سے زائد کی رقم واجب الادا ہے وزیر خزانہ۔ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 08 | ملک میں 48 فیصد خواتین ناخواندہ 79 فیصد افرادی قوت کا حصہ نہیں ڈاکٹر ربابہ۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 09 | بلوچستان میں دہشتگردی پر قابو پانے کی اشد ضرورت ہے آغا حسن بلوچ۔ | سینچری ودیگر اخبارات |
| 10 | ایف جی ای ایچ اے منصوبوں کو بروقت مکمل کیا جائے، مولانا عبدالوسع۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 11 | فیملی پلاننگ کے اہداف کے حصول کیلئے کوشاں ہیں، چیف سیکرٹری۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 12 | بلوچستان ہائیکورٹ میں وڈھ کی صورتحال پر درخواست۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 13 | یوم عاشورہ پر بلوچستان سمیت ملک بھر میں فوج تعینات کرنیکا فیصلہ۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 14 | محرم الحرام کے دوران فول پروف سکورٹی فراہم کرینگے، ترجمان وزیراعلیٰ۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 15 | تعلقات عامہ میں جدید تقاضوں سے ہم آہنگ اصلاحات لائی جائیں افسران۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 16 | ترجمان وزیراعلیٰ کی ایڈیشنل آئی جی پولیس سے ملاقات۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 17 | شہید نواب غوث بخش رئیسانی ہسپتال کو اپ گریڈ کیا جائیگا، نواب رئیسانی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 18 | وڈھ میں سازش کے تحت امن وامان سبوتاژ کیا جارہا ہے، اختر مینگل۔ | جنگ ودیگر اخبارات |

## امن وامان

وڈھ میں حالات کشیدہ وقفے وقفے سے فائرنگ کا تبادلہ رات گئے تک جاری، ڈیگاری کے پہاڑ سے بھاری مقدار میں ممنوعہ جڑی بوٹی برآمد، کوئٹہ دو گروپوں میں فائرنگ کا تبادلہ، پشین مسروقہ گاڑی برآمد 2 ملزمان گرفتار، اور ماڑہ میں لاپتہ ہونے والے ماہی گیر کی لاش برآمد۔

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 21-07-2023

## عوامی مسائل

| |
|---|
| کوئٹہ شہر میں گرین بس سروس شہریوں کی دلچسپی بڑھ گئی، مجھے تحفظ فراہم کیا جائے کھڈ کوچہ کے رہائشی کی اپیل، واسا پانی کی فراہمی ناکام ٹینکر مافیا کی چاندی نرخوں میں ہوشربا اضافہ، ژوب مسافر بسوں میں ایرانی تیل کی سمگلنگ انسانی جانوں کو خطرہ لاحق۔ ڈسٹرکٹ کونسل لسبیلہ میں حب کے ٹینڈرز میں گھپلوں کا انکشاف۔ |

### اداریہ:

| |
|---|
| روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ نے **"اگلے عام انتخابات الیکشن کمیشن پوری طرح تیار "** کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ بلوچستان سمیت ملک بھر میں ان دنوں اسمبلیوں کی ممکنہ تحلیل نگران سیٹ اپ کے قیام اور ساتھ ہی اگلے عام انتخابات کے اعلان اور اس سے جڑے معاملات کو لے کر تندوتیز اور گرما گرم مباحث کا سلسلہ جاری ہے وزیراعظم شہباز شریف اعلان کر چکے ہیں کہ وہ اگست میں نگران سیٹ اپ کو معالات سونپ دیں گے جس کے بعد عام انتخابات کا مرحلہ آئے گا سردست وزااعظم نے انتخابات نگران سیٹ اپ اور اسمبلیوں کی تحلیل کے معاملے پر سیاسی جماعتوں سے روابط اور مشاورت کا سلسلہ جاری رکھا ہے وفاقی وزراء حکومتی اراکین مطمئن اور پراعتماد ہیں کہ انتخابات اپنے وقت مقررہ پر ہوں گے اور انتخابات کے نتیجے میں سیاسی استحکام آئے گا انتخابات کا انعقاد چونکہ الیکشن کمیشن سے متعلق تازہ ترین اپ ڈیٹ یہ ہے کہ کمیشن نے اعلان کر دیا ہے۔ |

### اداریے:

| |
|---|
| روزنامہ جنگ کوئٹہ **12"مزدوروں کی افسوسناک ہلاکت "** کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا۔<br>روزنامہ جنگ کوئٹہ نے **"خودکش حملہ "** عنوان سے اداریہ تحریر کیا۔<br>روزنامہ بلوچستان ٹائم نے **Wadh situation"** "عنوان سے اداریہ تحریر کیا۔<br>روزنامہ مشرق نیوز کوئٹہ نے **"بلوچستان کالعدم تنظیموں کا گٹھ جوڑ اور سی پیک کے خلاف سازش "** عنوان سے مجیب احمد کا مضمون تحریر کیا۔ |

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان**

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1 DATE: 21 JUL 2023 Page No: 1

## صدر کا ژوب میں شہید اہلکاروں کے اہلخانہ کو فون، شہدا کو خراج عقیدت

**عارف علوی کا لواحقین سے اظہار افسوس، شہدا کی فرض سے لگن، وطن کیلئے قربانی کا اعتراف کیا**

اسلام آباد (اے پی پی) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے شہدا اور ان کے خاندانوں کے جذبہ حب الوطنی اور ایثار کو سلام پیش کرتے ہوئے قوم کی جانب سے شہدا اور ان کے خاندانوں کو خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ ایوان صدر کے پریس ونگ سے جاری بیان کے مطابق صدر مملکت نے ژوب کینٹ بلوچستان میں دہشت گرد حملے میں شہید ہونے والوں کے اہل خانہ سے فون پر گفتگو کرتے ہوئے شہدا کو خراج عقیدت پیش کیا اور ان کی ملک کے لئے خدمات کو سراہا۔ انہوں نے حوالدار محمد عثمان، صوبیدار سکندر اور نائب صوبیدار مصطفی کے لواحقین سے تعزیت کا اظہار کیا۔ ڈاکٹر عارف علوی نے لانس نائیک گل حمید اور نائیک جاوید شہزاد کے اہل خانہ سے بھی فون پر بات کی۔ انہوں نے سپاہی محمد یوسف، فہیم اور مقصود کے ورثا سے بھی فون پر اظہار افسوس کیا۔ انہوں نے شہدا کی فرض سے لگن اور وطن کیلئے قربانی کا اعتراف کیا اور شہدا کیلئے بلندی درجات اور لواحقین کیلئے صبر کی دعا کی۔

## وزیراعظم شہباز شریف سے اختر مینگل کی ملاقات، سیاسی صورتحال پر مشاورت

**وزیراعظم نے ملکی بہتری کیلئے حکومت کے ہر فیصلے میں بلوچستان نیشنل پارٹی کی حمایت پر شکریہ ادا کیا**

اسلام آباد (اے پی پی) وزیراعظم محمد شہباز شریف سے چیئرمین بلوچستان نیشنل پارٹی اور رکن قومی اسمبلی سردار اختر مینگل نے ملاقات کی۔ ملاقات میں ملک کی موجودہ سیاسی صورتحال پر مشاورت کی گئی۔ جمعرات کو وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری کردہ بیان کے مطابق ملاقات میں بلوچستان میں جاری ترقیاتی منصوبوں اور امن و امان کی صورتحال پر گفتگو ہوئی۔ ملاقات میں وزیراعظم نے بلوچستان نیشنل پارٹی کے حکومت کے اصلاحاتی ایجنڈے کے اطلاق میں اہم کردار کی تعریف کی۔ وزیراعظم نے ملکی بہتری کیلئے حکومت کے ہر فیصلے میں بلوچستان نیشنل پارٹی کی حمایت پر شکریہ ادا کیا۔ ملاقات میں وفاقی وزرا محمد اسحاق ڈار، سردار ایاز صادق، احسن اقبال اور مشیر وزیراعظم احد چیمہ بھی شریک تھے۔

INTEKHAB QUETTA

## گوادر بندرگاہ پر ڈی سیلٹنگ کا تقریباً 40 فیصد کام مکمل

**4.7 ارب روپے کی لاگت سے منصوبہ 12 ماہ میں مکمل ہوگا**

گوادر (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف کی خصوصی ہدایت پر تیز رفتاری سے عملدرآمد کے بعد گوادر بندرگاہ پر ڈی سیلٹنگ کا تقریبا 40 فیصد کام مکمل کر لیا گیا۔ گوادر پورٹ پر نیوی گیشنل چینل کی اصل گہرائی کو بحال کرنے کے لیے ڈی سلٹنگ کا عمل جاری ہے جس بقیہ نمبر 76 صفحہ 7 پر

سے بڑے بڑے جہاز آسانی سے لنگر انداز ہو سکیں گے۔ ڈی سلٹنگ مکمل ہونے سے ہر طرح کے جہاز بغیر کسی رکاوٹ کے نقل و حرکت کر سکیں گے اور بغیر کسی رکاوٹ کے ان کی ڈاکنگ کو آسان بنائے گا۔ گوادر پورٹ اتھارٹی کے ایک اہلکار نے بتایا کہ چائنا ہاربر انجینئرنگ کمپنی لمیٹڈ ڈریجنگ آپریشن کو موثر طریقے سے کر رہی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ گوادر پورٹ پر 4.7 ارب روپے کی لاگت سے 14.5 میٹر کی قدرتی اور اصل آپریشنل گہرائی کو دوبارہ حاصل کرنے کیلئے منصوبے پر کام جاری ہے اور ابھی تک تمام مراحل اپنے شیڈول کے مطابق آگے بڑھ رہے ہیں۔ گوادر پورٹ اتھارٹی اور چائنا ہاربر انجینئرنگ کمپنی کے درمیان طے پانے والے معاہدے کے مطابق منصوبے کے 12 ماہ کے اندر مکمل ہونے کی امید ہے۔

# CLIPPING SERVICE


DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

DATE: 21 JUL 2023

Page No: 2


## جمہوریت میں کوئی شخص آئین وقانون سے بالاتر نہیں ہوتا، گورنر

**ضلعی انتظامیہ اور قانون نافذ کرنے والے ادارے چوکنا رہیں، امن وامان پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائیگا، عبدالولی خان کاکڑ**

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ نے کہا کہ یہ جمہوریت کا حسن ہے کہ اس میں کوئی شخص آئین اور قانون سے بالاتر نہیں ہوتا انہوں نے صوبے میں امن وامان کی صورتحال اور چوری و رہزنی کے بڑھتے ہوئے واقعات کے حوالے سے ضلعی انتظامیہ اور تمام قانون نافذ کرنے والے اداروں کو خصوصی ہدایت کی کہ وہ امن وتحفظ کے حوالے سے چوکنا رہے کیونکہ امن وامان کے مسئلے پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائیگا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت ہر سطح پر پائیدار امن قائم کرنے اور عوامی جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے ٹھوس عملی اقدامات کریں. ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کے روز گورنر ہاوس کوئٹہ میں ایڈیشنل چیف سیکرٹری (ہوم) صالح ناصر سے بات چیت کرتے ہوئے کیا. اس موقع پر گورنر بلوچستان نے کہا کہ محرم الحرام کی آمد پر صوبہ کے تمام حساس مقامات پر سیکیورٹی کے مزید سخت انتظامات کیے جائیں تاکہ ہم کسی بھی ناخوشگوار واقعہ سے دوچار نہ ہو. گورنر بلوچستان نے کہا کہ جمہوریت میں ریاست کے حاکمانہ اختیارات قانونی طور پر جمہور کو ہی حاصل ہوتے ہیں. حقیقی جمہوریت میں شاہ ہو یا گدا سب یکساں طور پر قانون کے پابند ہوتے ہیں لہذا حکومت کی اولین ذمہ داری ہے کہ وہ عوام کے حقوق واختیارات کی پاسداری اور ان کی بنیادی آزادیوں کیلئے ٹھوس عملی اقدامات کریں، کیونکہ معاشرہ میں پائیدار امن اور استحکام دراصل قانون کی بالادستی اور پاسداری سے مشروط ہے. انہوں نے کہا کہ حکومتی اقدامات کے ساتھ ساتھ ہمارے سیاسی اکابرین، علماء کرام ومشائخ اور سرکردہ قبائلی عمائدین کا انسانی اور قومی فریضہ ہے کہ وہ اقوام اور قبائل کے درمیان جھگڑوں اور تنازعات کو ختم کرنے کیلئے اپنے اپنے حصے کا کردار ادا کریں ورنہ پورا صوبہ اس کی لپیٹ میں آسکتا ہے۔


Balochistan Time Quetta


# Concrete steps needed for sustainable peace: Governor

**Staff Report**

**QUETTA**: Balochistan Governor Malik Abdul Wali Khan Kakar said that it is the beauty of democracy that no one is above the constitution and the law.

Regarding the law and order situation in the province and the increasing incidents of theft and extortion, he gave special instructions to the district administration and all the law enforcement agencies to be alert regarding the law and order issue, because there will be no compromise on the issue of law and order. He said that the government should take concrete practical steps to establish sustainable peace at all levels and ensure the protection of public life and property. He expressed these views while talking to Additional Chief Secretary (Home) Saleh Nasir at Governor House Quetta on Thursday. On this occasion, Governor Balochistan said that on the arrival of Muharram, more strict security arrangements should be made at all the sensitive places of the province so that we do not face any untoward incident.

Governor Balochistan said that in a democracy, the sovereign powers of the state legally belong to the republic. In a true democracy, everyone is equally bound by the law, so the primary responsibility of the government is to take concrete practical steps for the protection of the rights and powers of the people and their basic freedoms, because sustainable peace and stability in the society is actually subject to the supremacy and observance of the law. He said that along with government initiatives, it is the human and national duty of our political elites, scholars and elders and leading tribal elders to play their part to end the disputes and conflicts between nations and tribes, otherwise the entire province may be engulfed by it.

After the ongoing threat regarding terrorism by the Quetta Police, the Quetta Police has started a series of strict checks on the internal and external routes of the city so that terrorism can be prevented. Or if you see a group, you should report it to the police immediately so that the terrorists can be eliminated. In this regard, security forces officers in plain uniform continued checking throughout the city.

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1 DATE: 21 JUL 2023 Page No: 3

## وزیراعلیٰ کی زیرصدارت باپ کی قیادت کا اجلاس، الیکشن میں بھرپور حصہ لینے کا فیصلہ

### تمام حلقوں سے امیدوار کھڑے کیے جائینگے، ٹکٹوں کی تقسیم کیلئے جلد پارلیمانی بورڈ قائم کردیا جائیگا، نگران سیٹ اپ کے قیام پر مشاورت

کوئٹہ(این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی صدر وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو کی زیرصدارت پارٹی کی سینئر قیادت کا اہم اجلاس منعقد ہوا چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی پارٹی کے چیف آرگنائزر سپیکر بلوچستان صوبائی میر جان محمد جمالی قومی اسمبلی میں بی اے پی کے پارلیمانی لیڈر میر خالد خان مگسی سینیٹر نصیب اللہ بازئی اور سینیٹر محمد عبدالقادر بھی اجلاس میں شریک تھے اجلاس میں نگران سیٹ اپ کے قیام پر مشاورت کی گئی جبکہ اجلاس میں پارٹی کے تنظیمی امور بھی زیر غور آئے اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ بلوچستان عوامی پارٹی عام انتخابات میں بھرپور حصہ لے گی اور تمام حلقوں پر پارٹی کے امیدوار کھڑے کیے جائیں گے جبکہ دیگر سیاسی جماعتوں سے اتحاد اور سیٹ ایڈجسٹمنٹ کا بھی جائزہ لیا جائے گا اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ ٹکٹوں کی تقسیم کے لیے جلد پارلیمانی بورڈ قائم کر دیا جائے گا جبکہ پارلیمانی بورڈ کے قیام سمیت دیگر پارٹی امور کے جائزہ کے لیے 26 جولائی کو کوئٹہ میں پارٹی اجلاس منعقد کرنے کا فیصلہ بھی کیا گیا اور بی اے پی کے تمام اراکین قومی اسمبلی سینیٹ اور صوبائی اسمبلی کو اجلاس میں اپنی شرکت یقینی بنانے کی ہدایت کی گئی پارٹی کی سینیئر قیادت کی جانب سے پارٹی کے مرکزی صدر پر مکمل اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے تمام پارٹی امور کو باہمی مشاورت سے طے کرنے کے عزم کا اظہار بھی کیا گیا۔

## قدوس بزنجو
## وڈھ کی صورتحال تشویشناک، کشیدگی اور جنگ کسی کے مفاد میں نہیں، بہترین حل مذاکرات

### امن برقرار رکھنا حکومت کے ساتھ قبائلی و سیاسی عمائدین کی بھی ذمہ داری، تحمل و برداشت کا مظاہرہ کیا جائے، وزیراعلیٰ

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے وڈھ کی صورتحال پر تشویش کا اظہار کیا ہے وزیراعلیٰ جو وڈھ کی موجودہ صورتحال سے لمحہ بہ لمحہ باخبر ہیں نے فریقین سے تحمل و برداشت کا مظاہرہ کرنے کی اپیل کی ہے وزیراعلیٰ کا کہنا ہے کہ علاقے کا امن برقرار رکھنا حکومت کے ساتھ ساتھ قبائلی و سیاسی عمائدین کی بھی ذمہ داری ہے مسائل و تنازعات کے بات چیت کے ذریعہ حل میں حکومت اپنا کردار ادا کرنے کے لئے تیار ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ کشیدگی اور جنگ کسی کے بھی مفاد میں نہیں مسائل کا بہترین حل بات چیت کے ذریعہ ہی ممکن ہے وزیراعلیٰ نے انتظامیہ پولیس اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کو علاقے میں امن کے قیام کو ہر صورت بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ علاقے کے قبائلی سیاسی و مذہبی عمائدین کے اثر و رسوخ کو بھی بروئے کار لایا جائے وزیراعلیٰ کی جانب سے کمشنر قلات کو ہدایت کی گئی ہے کہ کسی کو بھی قانون ہاتھ میں لینے کی اجازت نہ دی جائے۔

MASHRIQ QUETTA

## وزیراعلیٰ کی زیرصدارت باپ پارٹی کا اجلاس، نگران سیٹ اپ کے قیام پر مشاورت

### بلوچستان عوامی پارٹی عام انتخابات میں بھرپور حصہ لے گی اور صوبے کے تمام حلقوں پر پارٹی کے امیدوار کھڑے کیے جائیں گے، اجلاس میں فیصلہ

### ٹکٹوں کی تقسیم کیلئے جلد پارلیمانی بورڈ قائم کر دیا جائیگا اس سمیت دیگر پارٹی امور کے جائزہ کیلئے 26 جولائی کو کوئٹہ میں پارٹی اجلاس منعقد کرنے کا فیصلہ

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی صدر وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو کی زیرصدارت پارٹی کی سینئر قیادت کا اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی، پارٹی کے چیف آرگنائزر سپیکر بلوچستان صوبائی میر جان محمد جمالی قومی اسمبلی میں بی اے پی کے پارلیمانی لیڈر میر خالد خان مگسی سینیٹر نصیب........ بقیہ 17 صفحہ نمبر 9 پر

اللہ بازئی اور سینیٹر محمد عبدالقادر شریک تھے۔ اجلاس میں نگران سیٹ اپ کے قیام پر مشاورت کی گئی جبکہ اجلاس میں پارٹی کے تنظیمی امور بھی زیر غور آئے۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ بلوچستان عوامی پارٹی عام انتخابات میں بھرپور حصہ لے گی اور تمام حلقوں پر پارٹی کے امیدوار کھڑے کئے جائیں گے جبکہ دیگر سیاسی جماعتوں سے اتحاد اور سیٹ ایڈجسٹمنٹ کا بھی جائزہ لیا جائے گا اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ ٹکٹوں کی تقسیم کے لئے جلد پارلیمانی بورڈ قائم کر دیا جائے گا جبکہ پارلیمانی بورڈ کے قیام سمیت دیگر پارٹی امور کے جائزہ کے لئے 26 جولائی کو کوئٹہ میں پارٹی اجلاس منعقد کرنے کا فیصلہ بھی کیا گیا اور بی اے پی کے تمام اراکین قومی اسمبلی سینیٹ اور صوبائی اسمبلی کو اجلاس میں اپنی شرکت یقینی بنانے کی ہدایت کی گئی پارٹی کی سینیئر قیادت کی جانب سے پارٹی کے مرکزی صدر پر مکمل اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے تمام پارٹی امور کو باہمی مشاورت سے طے کرنے کے عزم کا اظہار بھی کیا گیا۔

## وزیراعلیٰ بلوچستان کا وڈھ کی صورتحال پر تشویش کا اظہار

### علاقے کا امن برقرار رکھنا قبائلی و سیاسی عمائدین کی بھی ذمہ داری ہے، عبدالقدوس بزنجو

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے وڈھ کی صورتحال پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ علاقے کا امن برقرار رکھنا حکو........ بقیہ 5 صفحہ نمبر 9 پر

مت کے ساتھ ساتھ قبائلی و سیاسی عمائدین کی بھی ذمہ داری ہے، فریقین تحمل و برداشت کا مظاہرہ کریں۔ انہوں نے کہا کہ مسائل و تنازعات کے بات چیت کے ذریعہ حل میں حکومت اپنا کردار ادا کرنے کے لئے تیار ہے کشیدگی اور جنگ کسی کے بھی مفاد میں نہیں مسائل کا بہترین حل بات چیت کے ذریعہ ہی ممکن ہے

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 1

DATE: 21 JUL 2023

Page No: 4

# CM directs LEAs to ensure calm in Wadh

Staff Report

**QUETTA**: Balochistan Chief Minister Mir Abdul Quddus Bizenjo on Thursday expressed concern over the tribal conflict in Wadh, Khuzdar and getting information regarding the situation persistently.

He appealed that the parties show patience and tolerance as tension and war are not in anyone's interest. CM added that maintaining the peace of the region is the responsibility of the government as well as the tribal and political leaders. Bizenjo said the government is ready to play its role in solving problems and disputes through dialogue which is the best solution to resolve the issue. He directed the administration, police and law enforcement agencies to ensure the establishment of peace in the area, added that no one should be allowed to take the law into his hands. The influence of the tribal, political and religious leaders of the area should also make use for the settlement of the dispute, he directed the Commissioner.

Patrolling of security forces is going on in Wadh. The leadership is led by Deputy Commissioner Khuzdar Capt (Retd) Jameel Ahmad DIG Khuzdar Parvez Imrani FC Commandant Colonel Haz Kashif and SSP Khuzdar Fahad Khan Khosa. Levies Police and FC patrols continue on the National Highway. The administration is trying to bring the situation back to normal, stop firing by both sides and improve peacekeeping. On the other hand, contacts with the parties at the government and tribal levels are also ongoing and efforts are being made to solve the problem.

Two private check-posts established on the sides of the national highway in Wadh have been removed. Acting on behalf of Deputy Commissioner Khuzdar Jameel Ahmed and FC, the check posts of both tribal groups were removed and check posts of Balochistan Constabulary and Levies are being established there. are on the highway. In a statement issued by BNP Awami, the central president of BNP Awami, former senator and federal minister Nawabzada Mir Asrarullah Zehri, has expressed concern over the clash in Khuzdar Tehsil Wadh district of Balochistan.

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 1

DATE: 21 JUL 2023

Page No: 6


# عوام کی طاقت سے کامیاب ہو کر ترقی کے سفر جاری رکھیں گے، میر سکندر عمرانی

**حلقہ انتخاب میں تعلیم صحت آب نوشی نکاسی آب مواصلات سمیت میگا پروجیکٹس کو پایہ تکمیل تک پہنچایا گیا، صوبائی وزیر**

**ہم نے ہمیشہ عوامی مفادات کو ترجیح دی، عوامی خدمت ہی ہماری سیاست کا محور ہے، مختلف عوامی وفود سے بات چیت**

نصیر آباد (نامہ نگار) صوبائی وزیر ریونیو میر سکندر خان عمرانی نے کہا ہے کہ حلقہ انتخاب کے عوام کی خدمت کر کے ہم نے اپنا فریضہ ادا کیا ہے لوگوں کے مسائل حل کرنے اور انہیں زندگی کی تمام بنیادی سہولیات کی فراہمی ہماری توجہ کا مرکز رہی اور الحمدللہ ہماری کارکردگی سے عوام مطمئن ہے موجود حکومت کو عوام کی جانب سے سراہا جا رہا ہے ان شاء اللہ آئندہ عام انتخابات میں پھر سے عوام کے سامنے پیش ہوں گے ہمیں ان شاء اللہ پورا یقین ہے کہ عوام کی طاقت سے کامیاب ہو کر ترقی کے سفر کا تسلسل جاری رکھیں گے ان خیالات کا اظہار انہوں نے ملنے والے مختلف عوامی وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کیا صوبائی وزیر میر سکندر خان عمرانی نے کہا کہ حلقہ انتخاب میں تعلیم صحت آب نوشی نکاسی آب مواصلات سمیت دیگر میگا پروجیکٹس شروع کیے گئے اور انہیں پائیہ تکمیل تک پہنچایا گیا ان شاء اللہ جو منصوبے زیر تعمیر ہیں ان کو بھی پائیہ تکمیل تک پہنچانے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی جائے گی ہماری کارکردگی عوام کے سامنے شفاف آئینے کی مانند ہے ہم نے ہمیشہ عوامی مفادات کو ترجیح دی ہے عوام کی خدمت ہی ہماری سیاست کا محور ہے۔

# وفاقی حکومت پر بلوچستان کی 100 ارب سے زائد کی رقم واجب الادا ہے، وزیر خزانہ

**پی پی ایل پر واجب الادا رقم 80 ارب سے زائد ہے، تمیں ارب عید سے قبل ادا کرنے وعدہ کیا تھا مگر ابھی تک ایک روپیہ نہیں ملا**

**ہم وفاق سے اپنے واجبات مانگ کر تھک گئے ہیں، بلوچستان کو ایسے ہی چلانے کی پالیسی کب تک چلے گی زمرک اچکزئی**

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے وزیر خزانہ زمرک خان اچکزئی نے کہا کہ وفاقی حکومت پر 100 ارب سے زائد کی رقم واجب الادا ہے، ہم وفاق سے اپنے واجبات مانگ کر تھک گئے ہیں وفاق بتائے کہ بلوچستان کو ایسے ہی چلانے کی پالیسی کب تک چلے گی۔ یہ بات انہوں نے جمعرات بلوچستان اسمبلی کے اجلاس کے بعد پی ٹی وی سے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ صوبائی وزیر خزانہ نے کہا کہ پی پی ایل پر ہماری واجب الادا رقم 80 ارب سے زائد ہے وفاقی حکومت نے پی پی ایل کے ذمہ واجبات میں تمیں ارب عید سے قبل ادا کرنے وعدہ کیا تھا مگر ابھی تک واجبات کی مد میں ایک روپیہ نہیں ملا، برج فنانسنگ کے چھ ارب اور وزیراعظم کی اعلان کردہ دس ارب روپے کے علاوہ دیگر........ بقیہ 53 صفحہ نمبر 9 پر

واجبات بھی ہیں، صوبائی وزیر خزانہ نے کہا کہ ہم وفاق سے اپنے واجبات مانگ کر تھک گئے ہیں، وفاق کماتا بلوچستان سے ہے مگر اسے ہی نظر انداز کرتا ہے، بلوچستان کو ایسے ہی چلانے کی پالیسی کب تک چلے گی۔

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

**Daily:** JANG QUETTA

**Bullet No.** 1 **DATE:** 21 JUL 2023 **Page No:** 7

## ملک میں 48 فیصد خواتین ناخواندہ، 79 فیصد افرادی قوت کا حصہ نہیں، ڈاکٹر ربابہ

### 10 فیصد عورتیں اپنی صحت کے بارے میں خود فیصلہ کرسکتی ہیں، انہیں بااختیار بنانا ضروری ہے، سیمینار سے خطاب

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) پارلیمانی سیکرٹری قانون و پارلیمانی امور سائنس اینڈ انفارمیشن ٹیکنالوجی ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا ہے کہ بڑھتی ہوئی آبادی کو پائیدار سطح تک لانے کیلئے خواتین کو بااختیار بنانا ضروری ہے، ملک میں 48 فیصد خواتین ناخواندہ ہیں، 79 فیصد افرادی قوت کا حصہ نہیں اور خواتین کی مجموعی آبادی سے صرف 10 فیصد عورتیں اپنی صحت کے بارے میں خود فیصلہ کر سکتی ہیں۔ جمعرات کو یہاں مقامی ہوٹل میں آبادی کے عالمی دن کی مناسبت سے یو این ایف پی اے اور محکمہ بہبود آبادی حکومت بلوچستان کے تعاون سے سیمینار سے خطاب میں ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا کہ "صنفی مساوات کے حوالے سے دیکھا جائے تو گلوبل جینڈر گیپ انڈیکس 2202 کی درجہ بندی میں پاکستان نچلے درجوں پر ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ پاکستان میں صنفی مساوات کی شرح بہت کم ہے، پاکستان میں صنفی عدم مساوات اس لئے بھی زیادہ گہری ہے کہ ملک میں صرف 21 فیصد خواتین لیبر فورس کا حصہ ہیں جبکہ قومی اسمبلی میں خواتین کی سیٹوں کی شرح بھی کم ہے، تعلیم نسواں کے ذریعے خواتین کو بااختیار بنانا، لیبر فورس میں خواتین کی شرکت اور صنفی مساوات قومی اہمیت کے توجہ طلب مسائل ہیں جن کے حل کے لئے کثیر الجہتی اقدامات ناگزیر ہیں، انہوں نے کہا کہ ایک آزادانہ سروے کے مطابق پاکستان میں 37 فیصد لڑکیاں اسکول سے باہر ہیں جن کے اسکولوں میں داخلے اور ثانوی سطح تک مفت تعلیم کی فراہمی کے ساتھ ساتھ لڑکیوں کی خوراک، تعلیم اور صحت کی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے ٹھوس حکمت عملی مرتب کرتے ہوئے موثر اقدامات اٹھانے ہوں گے، پاکستانی خواتین کو مساوی مواقع فراہم کرکے اور ان کی تولیدی صحت کے حقوق کے بارے میں آگاہی پیدا کر کے انہیں بااختیار بنانا بہت ضروری ہے تاکہ تیزی سے بڑھتی ہوئی آبادی کو پائیدار سطح تک لایا جاسکے اور آبادی اور وسائل میں توازن پیدا کیا جاسکے۔ تقریب سے ویڈیو لنک کے ذریعے خطاب کرتے ہوئے چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی نے کہا کہ حکومت بلوچستان فیملی پلاننگ سے متعلق قومی اہداف کے حصول کے لئے سنجیدہ اقدامات اٹھا رہی ہے اور اس ضمن میں موثر پالیسی کا نفاذ خاطر خواہ نتائج کا حامل ثابت ہوسکتا ہے، انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی اپنی مخصوص روایات ہیں جس میں رہتے ہوئے، مذہبی اسکالرز سول سوسائٹی طلبہ اور معاشرے کے تمام طبقات کو شعوری آگاہی کے پیغام کو آگے بڑھانا ہوگا بلوچستان ملک کا سب سے بڑا صوبہ ہے جہاں صحت کی سہولیات، غذائی قلت اور دوران زچگی خواتین کی شرح اموات کے مسائل کا سامنا ہے جس سے نمٹنے کیلئے محکمہ صحت، محکمہ تعلیم اور پاپولیشن ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ کو مل کر ٹھوس اقدامات اٹھانے ہوں گے ہم پرعزم ہیں کہ قومی کونسل برائے مشترکہ مفادات کے طے اہداف پر عمل درآمد کو یقینی بنانے کے لئے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔ سیکرٹری پاپولیشن ویلفیئر عبداللہ خان نے کہا کہ حکومت بلوچستان نے صحت کے شعبے اور خاندانی منصوبہ بندی کے شعبے کے بجٹ میں خاطر خواہ اضافہ کیا اور مانع حمل کی ادویات کی خریداری کے لئے بجٹ تیس ملین سے ایک سو بیس ملین کر دیا گیا جو چار گنا اضافہ ہے۔ سیمینار سے ڈائریکٹر جنرل پاپولیشن غلام مصطفیٰ، یو این ایف پی اے کے پروانشل لیڈ ڈاکٹر سرمد سعید، ایڈیشنل سیکرٹری محکمہ صحت محمد داؤد، ڈاکٹر عظمیٰ سہیل، راحیلہ حمید درانی، قاری عبدالرشید آر ٹی آئی کی طالبہ فضا ودلاور نے بھی اظہار خیال کیا۔ یوتھ گروپ ایف پی اے پی کی جانب سے شعوری آگاہی پر مشتمل ٹیبلو بھی پیش کیا گیا۔

## بلوچستان میں دہشتگردی پر قابو پانے کی اشد ضرورت ہے، آغا حسن بلوچ

### وڈھ میں کئی دنوں سے بحرانی کیفیت، ایک دہشت گرد دندناتا پھر رہا ہے، پریس کانفرنس

اسلام آباد (اے پی پی) وفاقی وزیر سائنس اینڈ ٹیکنالوجی آغا حسن بلوچ نے کہا ہے کہ بلوچستان کی جغرافیائی و سیاسی اہمیت ہے، بلوچستان میں دہشتگردی اور فرقہ واریت پر قابو پانے کی اشد ضرورت ہے اور انتشار پیدا کرنے والوں سے سختی سے نمٹا جائے۔ وفاقی وزیر سائنس اینڈ ٹیکنالوجی آغا حسن بلوچ نے جمعرات کو وزیر مملکت برائے توانائی ہاشم نوتیزئی اور بلوچستان کی ایم پی اے شکیلہ نوید کے ہمراہ نیشنل پریس کلب اسلام آباد میں بلوچستان اور بالخصوص وڈھ کے علاقہ کے حوالے سے پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کے ایک گاؤں میں کئی دنوں سے بحرانی کیفیت ہے، ایک دہشت گرد دندناتا پھر رہا ہے، اس کے خلاف کارروائی ہونی چاہئے، بلوچستان کے لوگ اپنے حقوق کی آواز جمہوری انداز سے اٹھاتے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ گزشتہ رات اختر مینگل کی رہائش گاہ پر گولے پھینکے گئے، جو لوگ بلوچستان میں انتشار پیدا کرنے کی کوشش کر رہے ہیں وہ ریاست کا بھلا نہیں کر رہے۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی اختلافات کے باوجود ہمیں مل بیٹھ کے مسائل پر بات کرنی چاہئے۔ ہم سیاسی ورکرز ہیں اور اپنی ذمہ داریاں نبھائیں گے۔ سیاسی کارکن کی حیثیت سے اعلیٰ حکام سے درخواست ہے کہ وہ بلوچستان میں سر اٹھاتی فرقہ واریت، انتہا پسندی اور دہشت گردی کے واقعات کا فوری نوٹس لیں اس ملک کے مفاد کا سوچنا چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ وہ وزیراعظم سے ملاقات کر کے ان کے سامنے درپیش مسائل اٹھائیں گے۔

## ایف جی ای ایچ اے منصوبوں کو بروقت مکمل کیا جائے، مولانا عبدالواسع

### معیار میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی، ایگزیکٹو بورڈز کے اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (اے پی پی) وفاقی وزیر برائے ہاؤسنگ اینڈ ورکس مولانا عبدالواسع نے پاکستان ہاؤسنگ اتھارٹی فاؤنڈیشن (پی ایچ اے ایف) اور فیڈرل گورنمنٹ ایمپلائز ہاؤسنگ اتھارٹی (ایف جی ای ایچ اے) کے ایگزیکٹو بورڈ کے اجلاس کی الگ الگ صدارت کی اس دوران بورڈز نے محکموں کی جانب سے بورڈ ارکان کے سامنے رکھے گئے مختلف ایجنڈوں پر تبادلہ خیال کیا ممبرز نے محکموں کے مختلف جاری منصوبوں سے متعلق مختلف امور اور معاملات پر تبادلہ خیال کیا مولانا عبدالواسع نے ایف جی ای ایچ اے کو ہدایت کی کہ منصوبوں پر تعمیراتی کام کو تیز کر کے انہیں مقررہ مدت میں مکمل کیا جائے اور انہیں جلد از جلد الاٹیوں تک پہنچایا جائے مولانا عبدالواسع نے کہا کہ منصوبوں کی معیاری اور بروقت تکمیل ضروری ہے اور اس میں کسی قسم کی کوتاہی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔ وزیر ہاؤسنگ نے تمام زیر التواء سکیموں پر فوری طور پر کام دوبارہ شروع کرنے کا بھی حکم دیا تاکہ بغیر کسی تاخیر کے جلد از جلد فلیٹس اور پلاٹ سرکاری ملازمین کے حوالے کیے جاسکیں اجلاس میں وزارت ہاؤسنگ، پی ایچ اے ایف، ایف جی ای ایچ اے، وزارت قانون، وزارت خزانہ اور دیگر متعلقہ محکموں کے حکام نے بھی شرکت کی۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Century Express Quetta

Bullet No. 2 DATE: 21 JUL 2023 Page No: 8


# فیملی پلاننگ کے اہداف کے حصول کیلئے کوشاں ہیں، چیف سیکرٹری

## مذہبی سکالر اور سماجی رہنما معاشرے میں شعور و آگاہی پھیلائیں، عبدالعزیز عقیلی

## عالمی یوم آبادی کی مناسبت سے منعقدہ سیمینار سے ڈاکٹر ربابہ بلیدی کا بھی خطاب

کوئٹہ (خ ن) پارلیمانی سیکرٹری قانون پارلیمانی امور سائنس اینڈ انفارمیشن ٹیکنالوجی ڈاکٹر ربابہ بلیدی نے کہا ہے کہ تیزی سے بڑھتی ہوئی آبادی کو پائیدار سطح تک لانے کے لیے خواتین کو بااختیار بنانا ضروری ہے ملک میں 48 فیصد بے تعلیم ہیں جو کہ صرف دس فیصد عورتیں اپنی صحت کے بارے میں خود فیصلہ کر سکتی ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے آبادی کے عالمی دن کی (باقی صفحہ 7 نمبر 33)

مناسبت سے یو این ایف پی اے اور محکمہ بہبود آبادی حکومت بلوچستان کے تعاون سے منعقدہ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ ڈاکٹر ربابہ بلیدی نے کہا کہ صنفی مساوات کو برقرار رکھنے کے لیے تعلیم نسواں کو فروغ دینے کی اشد ضرورت ہوتی ہے اور ہمارے معاشرتی رویوں میں تبدیلی لانے کی ضرورت ہے خواتین کو بااختیار بنانا بہت ضروری ہے تاکہ تیزی سے بڑھتی ہوئی آبادی کو پائیدار سطح تک لایا جاسکے آبادی اور وسائل میں توازن پیدا کیا جاسکے۔ آبادی کا عالمی دن کا مطلب لوگوں میں خواتین کے مسائل زچگی کے دوران ان کے اموات کے سدباب کے لئے اقدامات اٹھانی چاہیے۔ آبادی کے بڑھنے سے بہت سے مسائل پیدا ہوتے ہیں آبادی کے تناسب کو کنٹرول کرنے کے لئے ہماری صوبائی حکومت کوشش کر رہی ہے۔ ویڈیو لنک کے ذریعے خطاب کرتے ہوئے چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی نے کہا کہ حکومت بلوچستان فیملی پلاننگ سے متعلق قومی اہداف کے حصول کے لئے سنجیدہ اقدامات اٹھا رہی ہے اور اس حوالے سے مؤثر پالیسی کا نفاذ خاطر خواہ نتائج کا حامل ثابت ہو سکتا ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی اپنی مخصوص روایات ہیں جس میں رہتے ہوئے مذہبی اسکالرز سماجی کارکن، طلبہ اور معاشرے کے تمام طبقات کو شعوری آگاہی کے پیغام کو آگے بڑھانا ہوگا۔ سیکرٹری محکمہ پاپولیشن ویلفیئر عبداللہ خان نے کہا کہ حکومت بلوچستان نے صحت کے شعبے اور خاندانی منصوبہ بندی کے بجٹ میں خاطر خواہ اضافہ کیا اور مانع حمل کی ادویات کی خریداری کے لئے بجٹ تیس ملین سے ایک سو بیس ملین کر دیا گیا جو کہ چار گنا اضافہ ہے انہوں نے کہا ہمیں ترقی کے عمل کو تیز کر کے آگے بڑھنا ہوگا۔ سیمینار سے ڈائریکٹر جنرل پاپولیشن غلام مصطفیٰ اور دیگر نے بھی خطاب کیا۔

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4

DATE: 21 JUL 2023

Page No: 15


# وڈھ میں حالات کشیدہ، وقفے وقفے سے فائرنگ کا تبادلہ رات گئے تک جاری

## کوئٹہ سے جانے والی ٹریفک کو خضدار اور کراچی سے آنیوالی گاڑیوں کو وڈھ شہر سے دور روکا جا رہا ہے، ایک راہگیر زخمی

## کشیدگی سے نقصان ہمارے ہی لوگوں کا ہو رہا ہے، نواب رئیسانی، صورتحال معمول پر لانے کیلئے لشکری رئیسانی کے ہمراہ آج وڈھ جائینگے

خضدار (نامہ نگار) خضدار کے علاقہ وڈھ میں حالات کشیدہ ہوگئے۔ وقفے وقفے سے فائرنگ کا تبادلہ رات گئے تک جاری تھا، پولیس لیویز ایف سی کی بھاری نفری موقع پر موجود ہے اور حالات کو معمول پر لانے کے لئے اعلیٰ حکام کی کوششیں جاری ہیں۔ کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ پر ٹریفک کو خضدار شہر اور کراچی سے آنے والی گاڑیوں کو وڈھ شہر سے دور روکا جا رہا ہے۔ تفصیلات کے مطابق وڈھ میں کئی روز کی کشمکش کے بعد گزشتہ روز حالات کشیدہ ہوگئے فریقین کی جانب سے چھوٹے اور بڑے ہتھیاروں سے فائرنگ کا تبادلہ جاری رہا ایک راہ گیر کے زخمی ہونیکی بھی اطلاع ملی ہے جسے وڈھ میں طبی امداد دینے کے بعد مجنگ اسپتال خضدار منتقل کیا گیا جبکہ انٹر کالج وڈھ کی عمارت کو بھی نقصان پہنچا فائرنگ کا سلسلہ رات گئے تک جاری رہا۔ حالات کو معمول پر لانے کے لئے ڈی آئی جی قلات رینج خضدار پرویز خان عمرانی ڈپٹی کمشنر خضدار جمیل احمد بلوچ اور ایس ایس پی خضدار فہد خان کھوسہ گزشتہ روز سے وڈھ میں موجود ہیں اور حالات کو معمول پر لانے کے لئے تمام تر اقدامات کر رہے ہیں ڈپٹی کمشنر جمیل بلوچ کے مطابق جمعرات کی علی الصبح فریقین ایک دوسرے پر فائرنگ کرتے رہے لیکن انتظامیہ کی کوششوں سے حالات کو کنٹرول کیا گیا ایک راہ گیر بچہ گولی لگنے سے زخمی ہوا تھا انہوں نے کہا کہ حالات کو قابو میں لانے کے لئے تمام تر کوششیں جاری ہیں پولیس لیویز اور ایف سی حکام اور بھاری نفری بھی موجود ہے اور قومی شاہراہ پر پیٹرولنگ کر رہی ہے دوسری جانب سے غیر یقینی اور رات کی تاریکی کی وجہ سے قومی شاہراہ پر ٹریفک کی روانی معطل ہے کوئٹہ سے کراچی جانے والی گاڑیوں کو خضدار جب کہ کراچی سے کوئٹہ جانے والی گاڑیوں کو وڈھ سے دور روکا گیا ہے۔

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) چیف آف سراوان سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان نواب محمد اسلم خان رئیسانی سینئر سیاستدان سابق سینیٹر نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی وڈھ کی کشیدہ صورتحال کو معمول پر لانے کیلئے آج وڈھ پہنچیں گے۔ چیف آف سراوان سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان نواب محمد اسلم خان رئیسانی نے سردار اختر مینگل اور میر شفیق الرحمن مینگل کے درمیان جاری کشیدگی میں کمی لانے کیلئے باقاعدہ مصالحتی کوششوں کا آغاز کر دیا ہے اس سلسلے میں وہ آج سینئر سیاستدان سابق سینیٹر نوابزادہ حاجی میر لشکری رئیسانی و دیگر معززین کے ہمراہ وڈھ پہنچیں گے جہاں وہ سردار اسد مینگل اور میر شفیق الرحمن مینگل سے ملاقات کریں گے۔ ملاقات میں دونوں فریقین کو کشیدگی میں کمی لانے کیلئے جنگ بندی پر آمادہ کر کے مصالحت کے ذریعے معاملے کا حل نکالنے پر بات کی جائے گی۔ دریں اثنا سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان نواب اسلم خان رئیسانی نے اپنے ایک ٹویٹ میں کہا ہے کہ انہوں نے گزشتہ روز سردار اختر جان مینگل و سردار اسد مینگل اور میر نصیر مینگل و میر شفیق الرحمن مینگل سے ٹیلی فون پر بات کی ہے اور ان سے جنگ بندی کا مطالبہ کیا ہے اور کہا ہے کہ دونوں فریقین جنگ بندی کر کے انہیں اپنا مکمل اختیار دیں تا کہ اس کشیدہ حالات کو مصالحت کی طرف لے جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ فریقین اپنے لوگوں سے صلاح و مشورہ کر رہے ہیں ہم ان کے جواب کے منتظر ہیں۔ دریں اثناء مستونگ میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے نواب محمد اسلم خان رئیسانی نے کہا کہ کشیدگی سے نقصان ہمارے ہی لوگوں کا ہو رہا ہے، نہیں چاہتے کہ وڈھ میں خون خرابا ہو۔ دریں اثناء سینئر سیاستدان و سابق سینیٹر حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے کہا ہے کہ چیف آف سراوان سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان نواب اسلم خان رئیسانی کی سربراہی میں سراوان ہاؤس کا وفد آج وڈھ کا دورہ کرے گا جہاں پر سردار اسد جان مینگل اور میر شفیق الرحمن مینگل سے ملاقات کر کے کشیدگی میں کمی لانے کی کوشش کریں گے۔ انہوں نے بتایا کہ نواب محمد اسلم خان رئیسانی نے گزشتہ شب سے ہی مصالحتی کوششوں کا آغاز کیا ہے امید ہے کہ دونوں فریقین نواب محمد اسلم خان رئیسانی کو اختیار دے کر انہیں تنازعے کے حل کیلئے راستہ دیں گے۔ انہوں نے بتایا کہ فریقین کے درمیان گزشتہ روز سے جاری کشیدگی ہمارے لئے تشویش کا باعث ہے کوشش ہے کہ بغیر کسی خون خرابے کے کشیدگی میں کمی لائی جا سکے۔ ہماری قومی ذمہ داری ہے کہ دونوں فریقین کے درمیان معاملے کو خوش اسلوبی سے طے کریں۔

## ڈیگاری کے پہاڑ سے بھاری مقدار میں ممنوعہ جڑی بوٹی برآمد

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ایکسائز نارکوٹکس کنٹرول کوئٹہ نے ڈیگاری پہاڑ پر کارروائی کرتے امان جڑی بوٹی کی بھاری مقدار قبضے میں لے لی، ایکسائز ذرائع کے مطابق ڈائریکٹر جنرل ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن جہانگیر خان کاکڑ کو خفیہ اطلاع ملی تھی کہ ڈیگاری کے پہاڑ پر منشیات فروشوں نے بھاری مقدار میں ممنوعہ جڑی بوٹی جمع کر رکھی ہے جس پر ڈی جی نے انچارج انسپکٹر منور احمد اور انسپکٹر ان طارق شاہ کی نگرانی میں ٹیم تشکیل دی جس نے گزشتہ روز دیگر عملے کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے پہاڑ سے 3600 کلوگرام ممنوعہ جڑی بوٹی امان قبضے میں لے کر مقدمہ درج کر لیا گیا۔

## کوئٹہ، دو گروپوں میں فائرنگ کا تبادلہ

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) سریاب روڈ پر دو گروپ میں تصادم فائرنگ کا تبادلہ بھی ہوا تاہم کو نقصان نہیں ہوا پولیس نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے آٹھ افراد کو گرفتار کر لیا پولیس کے مطابق سریاب روڈ پر گزشتہ شب دو گروپ میں تصادم ہوا جس میں شدید ہوائی فائرنگ کی گئی تاہم فائرنگ سے کوئی نقصان نہیں ہوا اطلاع ملنے پر پولیس نے فوری کارروائی کرتے ہوئے دونوں گروپ کے آٹھ افراد کو گرفتار کر لیا۔

## اورماڑہ کے سمندر میں لاپتہ ہونے والے ماہی گیر کی لاش برآمد

گوادر (آن لائن) اورماڑہ ویکی زر کی سمندری حدود میں دوران شکار 16 اور 17 جولائی کی درمیانی شب لاپتہ ہونے والے 26 سالہ نوجوان عبدالحق ولد فیروز کی لاش برآمد بلذا کی سمندری حدود میں مقامی ماہی گیروں کو ملی ہے۔

## پشین، مسروقہ گاڑی برآمد، 2 ملزمان گرفتار

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) کچلاک اور پشین پولیس نے مشترکہ کارروائی میں مسروقہ گاڑی برآمد کر کے دو ملزمان گرفتار کر لیے تفصیلات کے مطابق کچلاک سے گاڑی چوری ہوئی تھی جس پر کچلاک اور پشین پولیس نے مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے گاڑی پشین سے برآمد کر کے دو ملزمان عبدالخالق اور سیف اللہ کو گرفتار کر لیا۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 5

DATE: 21 JUL 2023

Page No: 16

## مجھے تحفظ فراہم کیا جائے، کھڈ کوچہ کے رہائشی کی اپیل

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) کھڈ کوچہ کے رہائشی عبدالمجید نے صوبائی حکومت سے اپیل کی ہے کہ انہیں تحفظ فراہم کیا جائے۔ یہ بات انہوں نے جمعرات کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا وہ اپنے دو بھتیجوں سے اخباری اشتہار کے ذریعے لاتعلقی کا اعلان کر چکے ہیں وہ مختلف مقدمات میں ضمانت پر ہیں انہوں نے اپنے ماموں کے بیٹے کی سولر پلیٹیں توڑ دیں اور فائرنگ کرکے میرے بیٹے علی اکبر کو بھی زخمی کیا لیکن متعلقہ انتظامیہ ان کے خلاف کارروائی کرنے سے گریزاں ہے۔ انہوں نے وزیراعلیٰ سمیت دیگر اعلیٰ حکام سے اپیل کی کہ ان کے خلاف کارروائی کی اور ہمیں تحفظ فراہم کیا جائے۔

INTEKHAB QUETTA

## کوئٹہ شہر میں گرین بس سروس میں شہریوں کی دلچسپی بڑھ گئی

### ایک دن میں 3800 سے زائد شہریوں نے بس سروس کا فائدہ اٹھایا

کوئٹہ (اے پی پی) کوئٹہ شہر میں گرین بس سروس میں شہریوں کی دلچسپی بڑھ گئی ایک دن میں 3800 سے زائد شہریوں نے بس سروس کا فائدہ اٹھایا مسافروں بقیہ نمبر 55 صفحہ 7 پر

نے گرین بس سروس شروع کرنے پر بلوچستان حکومت کے اس اقدامات کو سراہا۔ گرین بس میں سفر کرنے مسافر بی بی فاطمہ محمد خان نے اے پی پی نیوز سے بات کرتے ہوئے بتایا تاریخ میں پہلی مرتبہ انہوں نے ائیر کنڈیشنڈ بس میں سفر کرکے بہت فرحت محسوس کیا حکومت بلوچستان اس اقدامات کو ہر کوئی قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہے پرانی بسوں کو بھی آہستہ آہستہ انہیں بسوں میں تبدیل کیا جائے

Baakhabar Quetta

# واسا پانی کی فراہمی میں ناکام

## ٹینکر مافیا کی چاندی، نرخوں میں ہوشربا اضافہ

صوبائی دارالحکومت کوئٹہ اور گردونواح کے علاقوں میں پانی کی کمی سنگین صورتحال اختیار کر گئی شدید گرمی میں مختلف علاقوں کے مکین بوند بوند کو ترس رہے ہیں مہنگے داموں ٹینکر خریدنے پر مجبور ہیں

پانی ٹینکر مافیا کو نرخنامہ کا پابند کیا جائے حکومت ہمارے اس سنگین مسئلے کو فوری طور پر حل کرے بصورت دیگر شدید احتجاج کرینگے جس کی تمام تر ذمہ داری حکومت اور واسا حکام پر عائد ہوگی، شہریوں کا مطالبہ

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ اور گردونواح کے علاقوں میں پانی کی کمی سنگین صورتحال اختیار کرگئی مختلف علاقوں کے مکین پانی کی بوند بوند کو ترس گئے عوام مہنگے داموں ٹینکر کے ذریعے پانی خریدنے پر مجبور ہیں شہریوں کا کہنا ہے کہ ٹینکر مافیا کے پاس شہریوں کو پینے کے لئے دستیاب ہے لیکن واسا شہریوں کو پانی فراہم کرنے میں مکمل طور پر ناکام ہوچکا ہے اس مہنگائی میں شہریوں کو لوٹنے کے لئے جان بوجھ کر پانی بند کیا جاتا ہے تاکہ وہ مہنگے داموں ٹینکر کے ذریعے پانی منگوا سکے پانی کی کمی کے باعث ٹینکر مافیا نے پانی کے منہ مانگے دام وصول کر رہا ہے ان علاقوں میں موسم سرما کے دوران بھی پانی دستیاب نہیں ہوتا اور شہری مجبور ہوکر مہنگے داموں پانی خرید کر گزارہ کررہے ہیں شہریوں نے حکومت سے مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہمارے اس سنگین مسئلے کو فوری طور پر حل کیا جائے بصورت دیگر ہم شدید احتجاج کرینگے جس کی تمام تر ذمہ داری حکومت اور واسا حکام پر عائد ہوگی۔

## ژوب: مسافر بسوں میں ایرانی تیل کی سمگلنگ، انسانی جانوں کو خطرہ لاحق

پنجاب اور خیبر پشتونخوا جانے والی مسافر بسوں میں پیٹرول اور ڈیزل کے بڑے پیمانے پر اسمگلنگ ہورہی ہے

صوبائی حکومت خاموش تماشائی کا کردار ادا کررہی ہے سمگلنگ پر فوری مکمل پابندی لگائی جائے عوامی حلقوں کا مطالبہ

ژوب (نامہ نگار) ژوب اور شیرانی روٹ پر چلنے والے پنجاب اور خیبر پشتونخواہ جانے والے مسافر بسوں میں پیٹرول اور ڈیزل کے بڑے پیمانے پر اسمگلنگ ہورہا ہے جس سے کسی وقت بھی کوئی ناخوشگوار واقعہ پیش آسکتا ہے اس سے قبل بھی کہ مسافر بسوں کو اسمگل شدہ پیٹرول اور ڈیزل کی وجہ سے آگ لگ گئی لیکن اس کے باوجود صوبائی حکومت خاموش تماشائی کا کردار ادا کررہی ہیں اور جن بسوں کو آگ لگ گئی اس کا بھی کوئی تحقیقات نہیں کی گئی ہیں کہ آگ لگنے کی وجہ کیا ہے محکمہ ٹرانسپورٹ نے بھی آج تک یہ ردعمل نہیں دیکھا کہ مسافر بسوں کو تنبیہ کیا جائے کہ مسافر بسوں میں پیٹرول اور ڈیزل لے جانے پر پابندی ہے

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 6 DATE: 21 JUL 2023 Page No: 17

## 12 مزدوروں کی افسوسناک ہلاکت

بدھ کے روز ملک کے کئی شہروں سے موسلادھار بارشوں اور حادثات کی اطلاعات ہیں۔ اسلام آباد کے علاقے میں ہونے والے واقعے میں دیوار گرنے سے خیمے میں سوئے ہوئے 12 مزدور جاں بحق جبکہ 6 زخمی ہوگئے۔ جاں بحق ہونے والے مزدوروں نے گولڑہ موڑ جی ٹی روڈ پر تعمیر ہونے والے انڈر پاس کے قریب ہی خیمہ نصب کر رکھا تھا جن کی عمریں 19 سے 36 سال کے درمیان بتائی گئی ہیں۔ ادھر محکمہ موسمیات نے سندھ اور بلوچستان میں طاقتور مون سون سسٹم کے داخل ہونے اور سیلابوں کا خطرہ ظاہر کیا ہے۔ ان دنوں شہریوں میں گلگت بلتستان، کشمیر، خیبر پختونخوا کے سیاحتی اور مری نتھیا گلی کے علاقوں کی طرف سیر وتفریح کی غرض سے جانے کا رجحان زیادہ ہوتا ہے۔ جہاں مختلف النوع حادثات اور ہلاکتوں کے واقعات رونما ہو چکے ہیں۔ ملک کے صوبائی اور ضلعی حکام کے پاس ان مقامات کی فہرستیں موجود ہوتی ہیں جس کی روشنی میں شہریوں کو خطرے سے انتباہ کر دینا کافی نہیں، ریسکیو ٹیموں کو اس موقع پر گشت بڑھا دینا چاہئے اور جہاں تک ممکن ہو سکے 144 اور دیگر دفعات بروئے کار لاتے ہوئے انھیں خطرات مول لینے سے روکا جائے۔ اسلام آباد میں جی ٹی روڈ پر رونما ہونے والا 12 مزدوروں کی ہلاکت کا واقعہ انتہائی افسوسناک ہے۔ یہ غریب مزدور روزگار کی تلاش میں مارے مارے پھرتے ہیں۔ متعلقہ محکموں کو قواعد کے مطابق ان ہلاک و زخمی ہونے والوں کے پسماندگان کی مالی امداد کا فی الفور انتظام کرنا چاہئے۔ اکثر علاقوں میں بجلی کی ترسیل کا فرسودہ اور ناقص انتظام ہونے سے ان دنوں حادثات کے خطرات بڑھ جاتے ہیں جن سے انسانی جانوں اور مال مویشیوں کا محفوظ رہنا بہر حال ضروری اور متعلقہ محکموں کا کسی بھی ممکنہ صورتحال سے نمٹنے کیلئے بروقت تیار رہنا وقت کی ناگزیر ضرورت ہے۔

## [illegible] عام انتخابات۔ الیکشن کمیشن پوری طرح تیار!!

بلوچستان سمیت ملک بھر میں ان دنوں اسمبلیوں کی ممکنہ تحلیل، نگران سیٹ اپ کے قیام اور ساتھ ہی اگلے عام انتخابات کے اعلان اور اس سے جڑے معاملات کو لے کر تند و تیز اور گرما گرم مباحث کا سلسلہ جاری رہے وزیراعظم شہباز شریف اعلان کر چکے ہیں کہ وہ اگست میں نگران سیٹ اپ کو معاملات سونپ دیں گے جس کے بعد عام انتخابات کا مرحلہ آئے گا سردست وزیراعظم نے انتخابات، نگران سیٹ اپ اور اسمبلیوں کی تحلیل کے معاملے پر سیاسی جماعتوں سے روابط اور مشاورت کا سلسلہ جاری رکھا ہے وفاقی وزراء اور حکومتی اراکین مطمئن اور پر اعتماد ہیں کہ انتخابات اپنے وقت مقررہ پر ہوں گے اور انتخابات کے نتیجے میں سیاسی استحکام آئے گا انتخابات کا انعقاد چونکہ الیکشن کمیشن کی ذمہ داری ہے اس لئے الیکشن کمیشن کی تیاریوں او رانتظامات کا بھی الیکشن سے جڑے مباحث میں خصوصی تذکرہ ہوتا ہے اور الیکشن کمیشن سے متعلق تازہ ترین اپ ڈیٹ یہ ہے کہ کمیشن نے اعلان کر دیا ہے کہ الیکشن کمیشن وقت سے پہلے یا وقت پر اسمبلیوں کی تحلیل کے بعد عام انتخابات کرانے کے لئے مکمل طور پر تیار ہے، سیکرٹری الیکشن کمیشن عمر حمید خان اور ڈی جی پولیٹکل فنانس مسعود شیروانی نے گزشتہ روز اس حوالے سے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا ہے کہ لیگل فریم ورک کے مطابق انتخابی اخراجات، اثاثہ جات کے گوشوارے، کاغذات نامزدگی کے ساتھ گوشوارے سب واضح ہے۔ الیکشن کمیشن نے پولیٹیکل فنانس ونگ قائم کیا ہے جس کے مقاصد مختلف فارمز کے ذریعے اعداد و شمار کا حصول ہے تاکہ شفافیت اور غیر جانبداری کا سلسلہ آگے بڑھے جماعتوں کے انتخابات، عہدیداروں کا چناؤ سے بھی اس شعبہ کا کام ہے۔ یہ شعبہ پولیٹیکل فنانس اور اکاؤنٹس کا معاملہ دیکھتا ہے یہ ونگ روایتی ریکارڈ سے اب پولیٹیکل فنانس مینجمنٹ انفارمیشن سسٹم بنایا گیا۔ یہ تمام سلسلہ ڈیجیٹل اور مکمل محفوظ ہے الیکشن کمیشن وقت سے پہلے یا وقت پر اسمبلیوں کی تحلیل کے بعد عام انتخابات کرانے کے لیے مکمل تیار ہے اگر نئی مردم شماری کی منظوری مشترکہ مفادات کونسل سے ہو جاتی ہے تو نئی حلقہ بندیوں کے لیے چار سے ساڑھے چار ماہ درکار ہوں گے ان کا کہنا تھا کہ الیکشن کمیشن نے پولیٹیکل فنانسنگ مینجمنٹ سسٹم متعارف کرایا ہے، تمام اعداد و شمار ڈیجیٹل کیے جا رہے ہیں، اس سے سسٹم میں شفافیت آئے گی سیکریٹری الیکشن کمیشن نے کہا کہ اسکروٹنی کا عمل وقت کے ساتھ ساتھ بہتر ہوگا، قانون میں جس ڈیٹا کی فراہمی کی اجازت ہے، وہ آرٹیکل 138 کے تحت جاری کرتے ہیں مردم شماری کے حوالے سے انہوں [illegible] کہا کہ [illegible] مردم شماری کی منظوری ہوتی ہے تو اس کے تحت نئی

نے کہا کہ ای وی ایم پر ہم نے کام کیا ہے، ہم اس پر کام کرنے کے لیے پرعزم ہیں۔ عمر حمید خان نے کہا کہ ہم نے فنانس سیکشن ڈیجیٹل کیا ہے، تمام اداروں سے اعداد و شمار لیتے ہیں، یہ سسٹم ڈیوائس 'بگ ڈیٹا' نہ صرف کمیشن کی معاونت کرے گا بلکہ رہنما اصول بھی فراہم کرے گا اور یہ سب کچھ قواعد میں رہ کر ہو رہا ہے۔ الیکشن ایکٹ میں ترامیم کے حوالے سے کوئی ایسی شق نہیں جو اس سے متصادم ہو، اس میں الیکشن کمیشن کی جانب سے 73 ترامیم دی گئیں، ان کی منظوری کے بعد ہی کوئی حتمی بات ہو سکے گی۔ ان کا کہنا تھا کہ جو اطلاعات قانون کے مطابق نہیں ہوں گی اس پر کارروائی کریں گے، الیکشن کمیشن قانونی اصلاحات کے مطابق ہی الیکشن کرائے گا۔ اس موقع پر الیکشن کمیشن آف پاکستان کے ڈائریکٹر جنرل پولیٹیکل فنانس مسعود شیروانی نے پولیٹیکل فنانسگ مینجمنٹ سسٹم پر بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ یہ سیاسی پارلیمانی عمل کا حصہ ہے، آئین پاکستان کے مطابق ہر سیاسی جماعت کا حساب رکھنا اور فنڈنگ کے ذرائع بتانا ضروری ہے انہوں نے کہا کہ لیگل فریم ورک کے مطابق انتخابی اخراجات، اثاثہ جات کے گوشوارے، کاغذات نامزدگی کے ساتھ گوشوارے سب واضح ہیں اسکروٹنی کے وقت سیاسی وابستگی نہیں دیکھتے بلکہ شواہد اور دستاویزات پر انحصار کرتے ہیں، فنانس ونگ تصدیق عمل کے لیے ایف بی آر، نادرا، اسٹیٹ بینک، ایس ای سی پی، ایف اے بی ایس، آئی سی اے پی کے ساتھ باقاعدہ سے اعداد و شمار کی شیئرنگ کرتا ہے اور آنے والی اسمبلیوں کے لیے مکمل اعداد و شمار ہوں گے اس سیکشن کے لیے قانونی اصلاحات تجویز کیے گئے ہیں، انتخابی قانون سے متعلقہ شقیں کمیٹی میں زیر غور لائی گئیں، 168 سیاسی جماعتیں الیکشن کمیشن کے پاس رجسٹرڈ ہیں، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹ کے لیے رہنما اصول وضع کیے ہیں۔ سیاسی جماعتوں کی مشاورت سے آڈٹ رپورٹ کا ایک معیار بنا رہے ہیں، تمام سیاسی جماعتیں اپنے اکاؤنٹس کا حساب دیں گی، اس سے ایک بہتر مالی ضابطہ وضع ہوگا۔ ایک ایسے وقت میں جب حکومت اپنی آئینی مدت پوری کر کے جانے والی ہے چونکہ اگست سے پہلے پہلے اسمبلیاں تحلیل کر دی جائیں گی ملک میں نگران سیٹ اپ آئے گا اور عام انتخابات قریب تر [illegible] میں بعض حلقے یہ نکتہ [illegible] ہیں کہ شاید [illegible] حالات میں [illegible] انتخابات کا [illegible] انعقاد نہ ہو لیکن الیکشن کمیشن نے [illegible] سے پوری بات [illegible] کے ساتھ سمجھا دی ہے کہ کمیشن انتخابات کے انعقاد کے لیے پوری طرح تیار ہے اب ضرورت اس امر کی ہے کہ تمام جماعتیں انتخابات سے پہلے پہلے استحکام اور اقدار پر مشتمل سیاست کو فروغ دیتے ہوئے مشترکہ حکمت عمل کے ساتھ آگے بڑھیں الیکشن کمیشن پوری طرح تیار ہے اب ذمہ داری سیاسی جماعتوں کی [illegible]

# Wadh situation

Unfortunately, apart from other serious issues in Balochistan, the issue of law and order has been a serious issue in Balochistan. Sadly, instead of improving, the law and order situation in the province is becoming more pathetic. During the past couple of years, tribal disputes have increased manifold in various districts of the province which has multiplied the miseries of masses. During past couple of months, the situation is very tense in Wadh area where two groups of Mengal tribe have taken up arms against each other. A heavy exchange of fire took place between two armed groups in the Wadh area of Khuzdar district on Wednesday evening, suspending all kinds of traffic on the highway linking Quetta with Karachi. Officials say the gun battle started between the armed men of BNP-Mengal President Sardar Akhtar Mengal and Mir Shafiq Mengal at around 6pm during which both sides used heavy weapons. Balochistan Home Minister Mir Ziaullah Lango, while confirming the armed clash, said gunfire continued for over two hours between the two rival groups. Rockets and heavy weapons were used in the clash, he added. Fortunately, so far no casualties have been reported from any side so far. Later, the rival groups agreed to a temporary ceasefire till Thursday morning after negotiations with Kalat Division Commissioner Dawood Khilji, Khuzdar Deputy Commissioner retired Captain Jamil Baloch and senior police officials.

Owing to the firing and tense situation, markets and other areas in Wadh town were completely closed and people were stuck in their houses. Though firing has stopped, the situation is still very tense as armed men from both sides were present in their trenches. Traffic on Khuzdar-Karachi Highway was suspended and BNP-Mengal workers and supporters blocked roads in Quetta, Kalat, Mastung, Khuzdar, Bela, Hub and other towns as a mark of protest.

Nawab Aslam Raisani, chief of Sarawan tribes, has established contact with Akhtar Mengal and other tribal elders, asking both sides to show restraint. He said that both sides should resolve the issue through reconciliation and according to the tribal custom. To maintain peace, it is essential that the government and authorities concerned must play their role to avoid occurrence of any big incident. Similarly, it is also the responsibility of the both groups to address issues through dialogue. And such tribal disputes, innocent people can become the victim. Thus, the government must not wait for any big loss and play its role immediately to dislocate bankers set up by both groups and disarm them.

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.________

DATE: 21 JUL 2023

Page No:________



کوئٹہ: گورنر ملک عبدالولی کاکڑ سے ایڈیشنل چیف سیکرٹری ہوم صالح محمد ناصر ملاقات کر رہے ہیں


# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.________

DATE: 21 JUL 2023

Page No:________




کوئٹہ: وزیر اعلیٰ عبدالقدوس بزنجو سے چیئرمین سینیٹ صادق سنجرانی ملاقات کر رہے ہیں، جان جمالی، خالد
مگسی، نصیب اللہ بازئی اور عبدالقادر بھی موجود ہیں